## سوال

لیلۃ القدر کون سی رات ؟

## جواب

اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون کو انسان اپنی ناقص عقل سے پوری طرح جانچ لے اس کے بس کی بات نہیں کچھ حکمتیں اللہ تعالیٰ نے اپنے پاس رکھی ہیں وہ صرف اسی کو معلوم ہیں لیلۃ القدر بارے کہ وہ مختلف علاقوں میں مختلف ہوتی ہیں اس میں کوئی تضاد نہیں نصوص میں کہیں یہ ذکر نہیں کہ لیلۃ القدر پوری دنیا کی ایک ہی ہوگی یہ بالکل اسی طرح ہے کہ حدیث میں آتا ہے کہ جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی ہے کہ اس میں دعا قبول ہوتی ہے ۔ اب دنیا میں کہیں اگر جمعہ ہے تو دوسری جگہ ہفتہ ہے تو کیا قبولیت کی گھڑی پوری دنیا میں ایک وقت میں آئے گی نہیں بلکہ ہر علاقے کے جمعہ کے دن یہ گھڑی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے ۔ لیلۃ القدر کے اختلافات کو بھی اسی مثال پر قیاس کیا جا سکتا ہے ۔

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث